پریس ریلیز

شیل پاکستان نے سنہ 2021ء کی تیسری سہ ماہی کے مالی نتائج کا اعلان کر دیا

کراچی، **21 اکتوبر، 2021**: شیل پاکستان لمیٹڈ کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے سال کی تیسری سہ ماہی کے لیے کمپنی کے مالی نتائج کا اعلان کر دیا ہے۔ یہ اعلان مورخہ 21 اکتوبر، 2021ء کو کیا گیا۔ اعلان کے مطابق کمپنی نے مذکورہ سہ ماہی کے دوران 296 ملین روپے کا بعد از ٹیکس منافع حاصل کیا ہے جبکہ گزشتہ برس، اسی عرصے کے دوران، 1,812 ملین روپے کا منافع ہوا تھا۔

سنہ 2021ء کے 9 ماہ کے عرصے نے، گزشتہ برس کے سخت حالات کے مقابلے میں نمایاں بحالی دیکھی۔ حوصلہ افزا تبدیلی کی بنیادی وجہ بہتر کاروباری کارکردگی تھی جس میں متفرق ایندھن اور لیوبریکنٹس، زرمبادلہ کا موثر استعمال اور ملازمین اور کسٹمرز کے لیے تحفظ جیسی حکمت عملی پر مبنی ترجیحات پر توجہ دی گئی۔

اس عرصے میں، موبلٹی کی جانب سے شیل ریچارج کامیابی سے متعارف کرایا گیا، جو کراچی میں واقع الیکٹرک وہیکل چارجنگ اسٹیشن ہے اور اسے کے الیکٹرک لمیٹڈ کے تعاون سے لگایا گیا ہے۔ اس چارجنگ اسٹیشن کا مقصد انرجی ٹرانزیشن میں قائدانہ کردار ادا کرنا اور پاکستان میں اپنی نوعیت کے بہترین صلاحیتوں کا حامل منصوبہ پیش کرنا ہے۔ لیوبریکنٹس کا کاروبار بھی ڈیزل انجن آئل کے شعبے میں پروڈکٹ کی پیشکش کے ذریعے وسعت حاصل کر رہا ہے جس سے کمپنی کو مزید ترقی حاصل ہوگی۔ HANDS (ہیلتھ اینڈ نیوٹریشن ڈیویلپمنٹ سوسائٹی) کے تعاون سے کمپنی نے، کراچی، لاہور، اور ملتان میں، 15 موبائل ویکسی نیشن یونٹس کے ذریعے کووڈ-19 کی ویکسی نیشن کی مہم چلائی جس کا مقصد حکومت پاکستان کی کوششوں میں حصہ لینا اور کمیونٹی کی صحت کا تحفظ تھا۔ اس مہم کے ذریعے 12,500 افراد کو ویکسین لگائی گئی جس میں فیول اسٹیشنز اور ٹرمینلز کے اطراف میں آباد کمیونٹی کے ارکان بھی شامل ہیں۔

شیل، پاکستان میں صنعت میں سب سے آگے کھڑا ہے اور پورے کاروبار میں محفوظ آپریشنز یقینی بنانے کے ساتھ عملے کے ارکان، کاروباری پارٹنرز اور انڈسٹری پارٹنرز کے درمیان ورکشاپس اور مذاکرات کے ذریعے تحفظ کا ماحول ذہن نشین کراتا ہے۔

شیل موجودہ چیلنجز کے اثرات کم کرنے کے لیے سرگرمی سے کام کرتا رہا ہے اور ایسے مواقع کی دستیابی یقینی بناتا رہے گا جن سے کمپنی پاکستان میں توانائی کے مستقبل کی ترقی میں اہم کردار ادا کر سکے۔